اسکے علاوہ ATM کارڈ سے آپ بڑی دکانوں اور کمپنیوں سے روز مرہ کا ضروری ساز و سامان خرید سکتے ہیں۔اور رقم کی ادائیگی کارڈ کے ذریعے سے ہو سکتی ہے۔

2۔ATM کا استعمال بہت آسان ہے۔سب سے پہلے ہمیں اپنا ATM کارڈ خود کار نقدی آلے میں اسکی منتخب جگہ پر داخل کریں گے تو خود کار نقد شماری آلہ ہم کو پہلے خوش آمدید کہے گا۔پھر زبان کا انتخاب کرنے کے لیے کہے گا۔اسکے بعد آپ کا خفیہ نجی نمبر پوچھا جائے گا جیسے ہی ہم خفیہ بھی نمبر داخل کریں گے خود کار نقد شماری آلہ پوچھے گا کہ کیا آپ رقم حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ یا بقیہ رقم کی جانکاری حاصل کرنا چاہتے ہیں؟اگر آپ رقم حاصل کرنا چاہیں تو پوچھے گا آپ کو کس کھاتے سے رقم لینی ہے؟اتنی تفصیلات دینے کے بعد اگر آپکے کھاتے میں رقم ہو تو اپنی ضرورت کے مطابق رقم نکال سکتے ہیں اور آخر میں آپ کے کھاتے میں موجود بقیہ رقم کی رسید بھی مل جائے گی۔اس طرح یہ نقد شماری آلہ کام کرتا ہے۔

3۔دور حاضر میں نقد شماری آلے نقد تقسیم کرتے ہیں۔نقد قبول کرتے ہیں۔اور ایک کھاتے کی بقیہ رقم کی تصدیق کرتے ہیں اتنا ہی نہیں بلکہ غیر ملکی روپیوں کا بھی کاروبار کرتے ہیں۔اسطرح یہ خود کار نقد شماری آلے مکمل بینک عملے کی طرح کرتے ہیں۔

4۔اسم عام کی تین اقسام یہ ہیں۔

1۔ **اسم جمع:-** بعض اسم ایسے ہوتے ہیں کہ صورت میں واحد معلوم ہوتے ہیں لیکن حقیقت میں کی اسموں کا مجموعہ ہوتے ہیں۔

مثلاً: فوج ، قطار ، بھیڑ

2۔ **اسم صوت:۔** وہ اسم جو کسی مخصوص چیز یا جاندار کی آواز کو ظاہر کرے اسم صوت کہلاتی ہیں۔

مثلاً: چھم چھم، میاؤں میاؤں، ٹن ٹن وغیرہ۔

3۔ **اسم ظرف:۔** وہ اسم ہے جو کسی جگہ یا وقت کو ظاہر کرے۔

مثلاً:- گھر، چراہ گاہ، سال، صبح وغیرہ

7۔ کبوتر (نظم)

1 1۔(c) خوبصورت

2۔(c) وعدہ

3۔(d) صحت مند

4۔(b) پہچان

5۔(d) نرالی

6۔(c) اونچی

7۔(d) میناروں مسجدوں

8۔(b) کبوتر

II۔ 1۔ ننھے سے یہ پرندے ان کی ادا نرالی ہیں خوشنما کبوتر نازک سی جان انکی

اسکے لہو میں اکثر بیمار کی شفاء ہے چھوٹا سا یہ پرندہ ایک نعمت خدا ہے۔

III 2۔مثال: نرالی ۔ کالی

1۔جان ۔ اُڑان

2۔نرالی ۔ کالی

3۔سُہانا ۔ ٹھکانا

4۔پر ۔ بھر

IV

1۔میناروں	=	میں	مار	میر	نام
2۔شکاری	=	کار	شیر	شک	کر
3۔پرواز	=	پر	زار	روز	پار
4۔جذبات	=	بات	ذات	جب	جذب

V۔1۔ کبوتر بہت خوشنما ہوتے ہیں۔

2۔ کبوتر کی اُڑان بہت اونچی ہوتی ہے۔

3۔ کبوتر کی ادا نرالی ہوتی ہے۔

4۔شاہی پیام لے کر کبوتر جاتا ہے۔

5۔پرواز کے لئے قدرت نے پر دیئے ہیں۔

6۔ کبوتر کے لہو میں بیمار کے لئے شفا ہے۔

VI۔1۔ کبوتر کی ادا نرالی ہوتی ہے اور رنگت سفید اور کچھ کی کالی ہوتی ہے۔

2۔ کبوتروں کو اکثر میناروں اور مسجدوں پر دیکھا جا سکتا ہے۔
3۔ شاہی معرکوں میں یعنی بادشاہوں کے جنگوں ہیں کبوتر قاصد کا کام یعنی پیغام ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچا جانے نے کا کام آتا تھا۔
4۔ کبوتر کی انسان دوستی اور خدمات زندگی کی صفت مجھے بہت پسند ہے۔
5۔ اللہ تعالیٰ نے کبوتر کے لہو میں بیمار کی شفاء رکھی ہے اسلئے یہ پرندہ خدا کی ایک نعمت یعنی انعام ہے۔
6۔ معدنیات سے بنے ہوئے آلات کے ناموں کو اسم آلہ کہا جاتا ہے۔
مثلاً: چاقو، تلوار، خنجر وغیرہ
7۔ نازک:۔ کبوتر کی جان نازک ہوتی ہے۔
اونچی:۔ شہروں میں اونچی اونچی عمارتیں ہوتی ہیں۔

VII۔

1۔ یہ شعر ہماری کتاب ندائے اُردو کی نظم "کبوتر" سے لیا گیا ہے۔ اس کے شاعر محمد غوث خطیبؔ کبوتر بہت خوشنما یعنی خوبصورت پرندہ ہے۔ اور کبوتر کی جان بہت نازک ہوتی ہے۔ یہ پرندے چھوٹے ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی اُڑان بہت اونچی ہے۔
2۔ اس شعر میں شاعر کہہ رہے ہیں کہ کبوتر ایک ساتھ گروہ بنا کر جب اڑان بھرتے ہیں تو یہ منظر بہت سہانا بھی بہت دل کو خوش کرنے والا ہوتا ہے۔ اور کبوتر اکثر میناروں مسجدوں پر دکھائی دیتے ہیں۔ یعنی انکا پسندیدہ ٹھکانا مینار اور مسجدوں کی گنبدیں ہیں۔

VIII۔ **خلاصہ**

نظم "کبوتر" شاعر محمد غوث خطیبؔ نے لکھی۔ اس نظم میں انہوں نے کبوتر کی بہت ساری صلاحیتوں اور خوبیوں کو سراہا ہے۔ شاعر کہہ رہے ہیں کہ کبوتر بہت خوبصورت ہوتے ہیں اور ان کی جان بالکل نازک ہوتی ہے۔ یہ چھوٹے دکھائی دیتے ہیں لیکن ان کی اُڑان فضاء میں بہت اونچی ہوتی ہے۔ چھوٹے سے کبوتروں کی ادا بہت نرالی ہوتی ہے اور کبوتروں کی رنگت کی بات کریں تو کچھ سفید اور کچھ کالے ہوتے ہیں۔ اور ان کے اُڑنے کے کا منظر بہت ہی، سہانا یعنی دل کو لبھانے والا ہوتا ہے۔

اور کبوتر اکثر مسجدوں کی گنبدوں یا میناروں پر ہی دکھائی دیتے ہیں۔ شاعر کہہ رہے ہیں کہ پچھلے زمانے میں کبوتر ایک شان و شوکت والا پرندہ سمجھا جاتا تھا۔ یعنی انسان دوستی کر کے انسان کی بتائی ہوئی جگہ پر جا کر پیغام پہنچا آتا تھا۔ یہ کبوتر شاہی پیام یعنی راجا مہاراجاؤں کا پیغام لے کر ایک محل سے دوسرے محل جاتے اور عاشق اپنا لفافہ بھی کبوتر کے ذریعہ اپنے معشوقہ کے نام بھیجا کرتے تھے۔

بادشاہوں کے جنگوں میں بھی یہ نامہ برتھے یعنی قاصد پیغام پہنچانے والا تھا۔ اور کبھی کبھی تو خود تیر کا نشانہ بن کر اپنے ہی لہو میں تربتر ہو جاتے تھے۔ یہ خوشنما کبوتر صدیوں سے کئی سالوں سے پیغام پہنچاتا تھا اور اب بھی پہنچا رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پرواز کرنے کے لیے ہی کبوتر کو پر دیئے ہیں اور کبوتر کے اندر خدماتِ زندگی یعنی لوگوں کی خدمت کرنے کے جذبات بھر دیئے ہیں اور کبوتر کے لہو سے اکثر بیمار کا علاج کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے ہے کہ فالج کے مریضوں کو اگر کبوتر کا لہو لگایا جائے تو وہ شفایاب ہو جاتے ہیں۔ اسطرح یہ چھوٹا سا پرندہ ہمارے لیے نعمت خدا ہے۔

اسکی فطرت پہ ہر شکاری قربان ہے اور آخری شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کر کے کہہ رہے ہیں کہ خطیبؔ کبوتر کی ہر ایک ادا مجھے بہت پیاری ہے۔

8۔ حاتم کی سخاوت

I۔

1۔(c) سخی

2۔(c) نوفل

3۔(d) پانچ سو

4۔(b) دردِ دل

5۔(d) خود حاتم

6۔(c) سزا

7۔(d) فوجی

8۔(d) فرش

9۔(b) مترادف

10۔(a) بوڑھا

II۔

الف	ب
1۔ ٹھنڈی سانس بھرنا	افسوس کرنا
2۔ عرش پر جھنڈا گاڑھنا	خوش آمد کرنا
3۔ لن ترانی کرنا	ڈینگ مارنا
4۔ تڑا تڑ پڑنا	لگاتار مار پڑنا

III۔

1۔	ڑ	ب	ھ	و	ا	=بوڑھا
2۔	ل	ف	و	ن		=نوفل
3۔	ا	ن	ی	د	م	=منادی
4۔	گ	ل	ن	ج		=جنگل

IV۔

1۔ عرب کے بادشاہ کا نام نوفل تھا۔

2۔ حاتم پہاڑی کوہ میں جا چھپا۔

3۔ حاتم کو ڈھونڈ کر لانے والے کے لیے بادشاہ نے پانچ سو اشرفیوں کا انعام رکھا۔

4۔بوڑھااور بوڑھیالکڑیاں چننے جنگل گئے۔

5۔حاتم کی سخاوت کے سبب وہ خود اپنے آپ کو بادشاہ کے حوالے کیا۔

V۔

1۔ **محاورہ:دل باغ باغ ہونا**

جملہ: اکبر کے اوّل آنے کی خبر سن کر اسکے ابّا کا دل باغ باغ ہو گیا۔

2۔ **محاورہ:سر چڑھانا**

جملہ: سلیمہ نے اپنے اکلوتے بیٹے کو لاڈ پیار میں اتنا سر چڑھایا کہ وہ اب بڑوں سے بھی بد تمیزی کرنے لگا ہے۔

3۔ **محاورہ:ایک انار سو بیمار**

جملہ: گرمی سے پریشان بچوں کے لیے شربت کا ایک گلاس ایک انار سو بیمار کی طرح تھا۔سب ہی اسکی طرف لپکے۔

4۔ **محاورہ:منہ میں پانی آنا**

جملہ: خالدہ کے ہاتھوں میں حلوے کا پیالہ دیکھ کر فریدہ کے منہ میں پانی آ گیا۔

VI۔

1۔نوفل نے منادی کروادی کہ جو کوئی حاتم کو ڈھونڈ ڈھانڈ کر پکڑ لاوے پانچ سو اشرفی بادشاہ کی سرکار سے انعام پاوے۔

2۔ سبق حاتم میں انسان کے تعلق سے کہا کہ اگر آدمی میں رحم نہیں وہ انسان نہیں اور جس کے جی میں ڈر نہیں وہ قصائی ہے۔

3۔اگر میں بوڑھے کی جگہ پر ہوتا / ہوتی تو حاتم کو نوفل کے حوالے نہ کرتا / کرتی۔

VII۔ **طمع:** طمع ایک بہت بری بلا ہے۔اسکے پیچھے نہیں بھاگنا چاہیئے۔

انعام: استاد نے سچ بولنے پر مریم کو انعام دیا۔

5۔ سبق حاتم کی سخاوت سے ہم نے جانا کہ سخاوت کے معنی ہیں فراخدلی، دریادلی، یہ ایک ایسی خوبی ہے جس میں انسان دوسروں کی مدد کرنے اور انکی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار رہتا ہے۔

VIII۔

جملہ	کس نے کہا	کس سے کہا
1۔"اگر ہمارے دن کچھ بھلے آتے تو حاتم کو کہیں دیکھ پاتے۔"	بوڑھیا	بوڑھے
2۔"سچ کہہ اصل کیا ہے؟ حاتم کو کون پکڑ لایا؟"	نوفل	بوڑھے
3۔"اس کا عذاب میرے نام لکھا جائے گا۔"	حاتم	خود سے
4۔"ہمارے طالع میں یہی لکھا ہے کہ روز لکڑیاں توڑیں اور سر پر دھرے بازار میں بیچیں۔"	بوڑھے	بوڑھیا

IX۔1۔ حاتم کے وقت ایک بادشاہ نوفل تھا۔ اسکو حاتم کے ساتھ دشمنی تھی۔ نوفل نے بہت ساری فوج جمع کر کے لڑائی کی خاطر چڑھ آیا۔ حاتم تو خدا ترس اور نیک مرد تھا۔ اس نے یہ سمجھا کہ اگر میں بھی جنگ کی تیاری کروں تو خدا کے بندے مارے جائیں گے اور بڑی خونریزی ہو گی۔ اس کا عذاب میرے نام لکھا جائے گا۔ یہ بات سوچ کر، تن تنہا اپنی جان لے کر ایک پہاڑ کی کھو میں جا چھپا۔

2۔ بوڑھیا نے کام سے بیزار ہو کر بوڑھے سے کہا" اگر ہمارے دن کچھ بھلے آتے تو حاتم کو کہیں دیکھ پاتے اور اسکو پکڑ کر نوفل کے پاس لے جاتے تو وہ پانچ سو اشرفی دیتا، ہم آرام سے کھاتے، اس دکھ دھند کے چھوٹ جائے۔

3۔ نوفل کو جب حقیقت معلوم ہوتی ہے تو وہ حاتم کی سخاوت سے بہت متاثر ہوتا ہے۔ حاتم کا ہاتھ بڑی دوستی اور گرم جوشی سے پکڑ کر بڑی عزت و احترام سے اپنے پاس بٹھاتا ہے۔ حاتم کا ملک و املاک اور مال و اسباب جو کچھ ضبط کیا تھا وہ سب واپس لوٹا دیتا ہے۔ اور حاتم کو دوبارہ قبیلے کی سرداری عطا کرتا ہے۔

4۔ جھوٹ بولنا بری بات ہے۔ جو جھوٹ بولتے ہیں ان پر کوئی یقین نہیں کرتے۔ جھوٹ کبھی بھی نہیں بولنا چاہیے۔ چاہے ہم سے غلطی ہی کیوں نہ ہوئی ہو۔ جھوٹ بولنے والا دنیا میں بھی بے عزت ہوتا ہے آخرت میں بھی دوزخ کی آگ میں جلتا ہے۔ اسی لئے ہمیشہ جھوٹ اور سے بچیں اور سچ بولیں۔

9۔غزل(نظم)

1 1۔(c) عورتوں سے باتیں کرنا

2۔(d) مطلع

3۔(a) مقطع

4۔(d) شاہ بیت

5۔(c) میر تقی میر

6۔(b) پوجا

7۔(d) بادشاہ

8۔(b) بہار

9۔(a) دُعا

10۔(d) اُکتا جانا

II۔

1۔ فقیر

2۔ تقدیر

3۔خوش

4۔بندگی

5۔ جبیں

III۔

1۔دعا + دعائیں

2۔ گلی + گلیاں

3۔دوا + دوائیں

4۔ادا + ادائیں

5۔سجدہ + سجدے

6۔چیز + چیزیں

7۔ حق + حقوق

8۔آرزو + آرزوئیں

IV۔

1۔ فقیرانہ آئے صدا کر چلے

2۔ ہر ایک چیز سے دل اٹھا کر چلے

3۔ بہت آرزو تھی گلی کی تیری

4۔ جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی

5۔ جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

V-1 سابقے

1۔بے = بے اثر۔ بے خبر ۔بے ادب ۔ بے ایمان

2۔با = باخبر باادب باقاعدہ

3۔لا = لاجواب لاحاصل لاعلم

4۔ہم = ہم آواز ہم جماعت ہم نوا

5۔بد = بدنصیب بد تمیز،بد مزاج

2. لاحقے

1۔ گاہ = عیدگاہ ۔ درگاہ ۔ چراگاہ

2۔دان = روشن دان ۔پاندان ۔ خاندان

3۔خور = گوشت خور۔ رشوت خور ۔ سبزی خور

4۔پسند = حق پسند ۔ دل پسند۔ ترقی پسند

5۔مند = دولت مند۔ حاجت مند ۔ عقل مند

VI-

1۔ فقیروں کے مانند صدا میرؔ کر رہے ہیں۔

2۔میرؔ دعا کر رہے ہیں کہ دوست تم خوش رہو۔

3۔میرؔ کی تقدیر میں دعا نہیں تھی۔

4۔میرؔ کو اپنے دوست کی گلی کی آرزو تھی۔

5۔جبیں سجدہ میں رکھ کر حق بندگی ادا کیا جا سکتا ہے۔

6۔بیمار کی تقدیر میں شفا نہیں تھی اسلئے بیمار کو شفاء نہیں ملی۔

7۔ہر ایک چیز سے دل اٹھا لینے سے مراد ہر چیز ے بے زار ہو جانا ہے۔

8۔غزل کے لغوی معنی عورتوں کے بات چیت کرنا ہے۔

9۔بے حد میں سابقہ "بے" ہے۔

10۔ حق ادا کرنا کے معنی ہیں ہے فرض پورا کرنا۔

VII۔

1۔ دور ۔ زمانہ

2۔ طاقت ۔ استطاعت

3۔ مشہور۔ مقبول

4۔ آواز ۔ گونج

5۔ بندگی ۔ عبادت

VIII۔

1۔ **فقیر:**۔ فقیر دنیاوی مال و دولت سے بے نیاز ہوتا ہے۔

2۔ **دُعا:**۔ دُعا مومن کا سب سے بڑا ہتھیار ہے۔

3۔ **نااُمید:**۔ نااُمیدی کفر ہے۔

4: **تقدیر:**۔ ایک مومن اچھی اور بری تقدیر پر ہمیشہ ایمان رکھتا ہے۔

5۔ **بندگی:**۔ اللہ کی بندگی سے دل کو سکون ملتا ہے۔

IX۔

1۔ غزل اردو شاعری کی مشہور و معروف صنف ہے۔ غزل کے لغوی معنی عورتوں سے باتیں کرنے کے ہیں۔ غزل اشعار کے اس مجموعے کو کہتے ہیں جس میں عاشقانہ مضامین کے علاوہ فلسفہ، تصوف، اخلاقیات، معرفت الٰہی، پند و نصائح، رموز حیات و ممات وغیرہ کا بیان ہوتا ہے۔

2۔ جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حق بندگی ہم ادا کر چلے

3۔ نظم یا غزل کے ہر شعر کے دوسرے مصرعے میں مکرر الفاظ آتے ہیں انہیں ردیف کہتے ہیں۔ مثلاً کر چلے
ردیف سے پہلے آنے والے لفظ کو قافیہ کہتے ہیں۔ قافیہ کے الفاظ بدلتے رہتے ہیں جیسے صدا، دعا وغیرہ انکا ہم وزن ہونا ضروری ہے۔

4۔ غزل میں استعمال کردہ قافیوں کی فہرست درج ہے۔

صدا۔ دعا۔ وفا۔ دوا۔ اٹھا۔ چھپا۔ نہا۔ ادا

5۔ صدا= آواز، گونج
شفا= صحت، تندرستی

6۔ جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حق بندگی ہم ادا کر چکے

X۔

1۔ یہ شعر میرؔ تقی میرؔ کی غزل سے ہے۔ اس شعر میں شاعر کہہ رہے ہیں کہ میرؔ فقیروں کی مانند آواز لگا کر چلے ہیں کہ دوست تم خوش رہو ہم دعا کر رہے ہیں۔

2۔ کسی لفظ کے شروع میں لفظ سے جڑ کر ایک خاص معنی پیدا کرنے والے جُز کو سابقہ کہتے ہیں۔

مثال: بے حد با معنی لاحاصل وغیرہ

اسی طرح لفظ کے آخر میں جُڑنے والے جُز کو لاحقہ کہتے ہیں۔

مثال: عقل مند باورچی خانہ وغیرہ۔

3۔ میر تقی میرؔ: نام میر تقی میرؔ تخلص میرؔ 1724ء کو آگرہ کے ایک علم دوست صوفی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ میرؔ کلاسکی اُردو غزل کے ایک بڑے شاعر ہیں۔ وہ اُردو غزل کے امام سمجھے جاتے ہیں۔ اسی لیے انہیں خدائے سخن بھی کہا جاتا ہے۔

انکی مثنویوں بہارِ عشق، شعلۂ عشق اور دریائے عشق کو بھی شہرت ملی۔ خوداری اور قناعت کے ساتھ زندگی بسر کی۔ میرؔ کی وفات 1810ء لکھنو میں ہوئی۔

10۔ گدھے کی حجامت

I۔

1۔(c) حاتم

2۔(d) خلیفہ ہارون رشید

3۔(c) علی صیقل

4۔(a) علی صیقل

5۔(d) اُسترا

6۔(c) گدھے کی کاٹھی

7۔(b) نوکر

8۔(c) گاؤں

9۔(d) لکڑی

10۔(b) خراش

II۔

الف	ب
خلیفہ	ہارون رشید
غریب	لکڑہارا
چالاک نائی	علی صیقل
گدھا	کاٹھی

III۔ 1۔ لکڑی + لکڑیاں

2۔ قطار + قطاریں

3۔ سزا + سزائیں

4۔ اشرفی + اشرفیاں

5۔ فن + فنون

6۔ کمال + کمالات

7۔ مقدمہ + مقدمات

8۔ قول + اقوال

IV۔

1۔ بادشاہ:۔ بادشاہ کی سب سے اچھی خوبی یہ ہونی چاہئیے کہ وہ رعایا کا خیال رکھے۔

2۔ لکڑہارا:۔ لکڑہارا روزانہ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر اپنا گزارا کرتا ہے۔

3۔ گھوڑا:۔ گھوڑا بہت وفادار جانور ہے۔

4۔ جنگل:۔ لوگ جنگل سے لکڑیاں اور جڑی بوٹیاں حاصل کرتے ہیں

5۔ چالاک:۔ لومڑی ایک چالاک جانور ہے۔

V۔

1۔ ہارون رشید **تخت** پر بیٹھے ہیں۔

2۔ حضور میں ایک **غریب** لکڑہارا ہوں۔

3۔ **علی صیقل** بغداد کا مشہور نائی ہے۔

4۔ علی صیقل **آنکھ** بند کر کے بھی لوگوں کے بال مونڈ سکتا ہے۔

5۔ علی صیقل نے لکڑہارے سے لکڑیوں کے ساتھ گدھے کی **کاٹھی** بھی لے لی۔

6۔ علی صیقل **گدھے** کی حجامت بناتا ہے۔

7۔ آج تم نے بہت دلچسپ **مقدمہ** لائے ہو۔

VI۔

1۔ ہارون رشید بغداد کا ایک مشہور بادشاہ تھا۔

2۔ علی صیقل بغداد کا ایک چالاک نائی تھا۔

3۔ لکڑہارے نے بادشاہ ہارون رشید سے فریاد کی۔

4۔ لکڑہارا غریب ہے۔

5۔ بغداد کا مشہور نائی علی صیقل ہے۔

6۔ قاضی، مفتی اور کوتوال سب علی صیقل کے دوست ہیں۔

7۔ کاٹھی لکڑی سے بنی ہوتی ہے۔

8۔ علی صیقل نے لکڑیوں کے ساتھ کاٹھی کی بھی مانگ کی۔

9۔ لکڑہارے نے گدھے کو اپنا ساتھی کہا۔

10۔ لکڑہارے نے گدھے کی حجامت بنانے کو کہا۔

11۔ ہاں۔

12۔ اس ڈرامے سے ہم نے سیکھا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

13۔ لکڑہارے کے ساتھ انصاف ہارون رشید نے کیا۔

14۔ہارون رشید کی جگہ میں ہوتا / ہوتی تو میں بھی لکڑہارے کا ساتھ دیتا / دیتی

15۔خلیفہ ہارون رشید کی انصاف پسندی اور مساوات کو ہم اپنے اندر لانا پسند کریں گے۔

VII۔

1۔علی صیقل کا کمال یہ ہے کہ وہ اپنے اُسترے سے لوگوں کے بال آنکھیں بند کر کے مونڈ سکتا ہے۔کیا مجال کہ کہیں ایک خراش بھی آجائے۔

2۔لکڑہارا صبح سے شام تک جنگل میں دھوپ اور گرمی میں مارا مارا پھر کر لکڑیاں اکھٹا کرتا ہے۔اور شہر میں لا کر بیچتا ہے اور اس طرح وہ اپنا اور بچوں کا پیٹ پالتا ہے۔

3۔علی صیقل کہتا ہے کہ لکڑیوں کی قیمت طئے ہوئی ہے۔اس میں گدھے کی لاٹھی بھی شامل ہے وہ بھی لکڑی ہے۔اس بات پر جھگڑا ہوا۔

4۔ہارون رشید نے لکڑہارے کی مدد کی۔کیونکہ لکڑہارا ایک غریب اور کمزور انسان ہے۔

VIII۔

جملہ	کس نے کہا	کس سے کہا
1۔"ضِلّ الٰہی مجھ پر ظلم ہوا ہے؟ میرے ساتھ انصاف کیا جائے"	لکڑہارے نے	ہارون رشید سے
2۔"اچھا! تو بہت ہوشیار ہے وہ اپنے فن میں ہے"	خلیفہ ہارون رشید نے	لکڑہارے سے
3۔"تم گھبراؤ نہیں"	خلیفہ ہارون رشید نے	لکڑہارے سے
4۔"میاں علی صیقل کیا تم میری اور میرے ساتھی کی حجامت بنادوگے؟"	لکڑہارے نے	علی صیقل سے
5۔"اگر آدمی اپنے قول سے پھر جایا کریں تو پھر اس دنیا میں کون کس کا اعتبار کرے گا"	ہارون رشید نے	علی صیقل سے
6۔"میں نے آج تک کسی گدھے کی حجامت نہیں بنائی"	علی صیقل نے	ہارون رشید سے

IX۔

1۔پردہ اُٹھتا ہے۔

2۔ظلِ الٰہی مجھ پر ظلم ہوا ہے۔

3۔علی صیقل نے میری لکڑیوں کے ساتھ کاٹھی بھی لے لی۔

4۔تم گھبراؤ نہیں

5۔یہ بالکل سچ ہے کہ میں نے ہامی بھری تھی۔

6۔مگر حضور میں نے آج تک کسی گدھے کی حجامت نہیں بنائی۔

7۔تو پھر سخت سزا کے لیے تیار ہو جاؤ۔

8۔نہیں حضور میں گدھے کی حجامت ضرور بناؤں گا۔

9۔سارے درباری ہنستے ہیں۔

10۔پردہ گرتا ہے۔

X۔

1۔ لکڑ ہارا غریب بوڑھا روزانہ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر اپنے گدھے پر لاد کر بازار میں بیچتا ہے۔ ایک روز علی صیقل نے لکڑ ہارے کو بلایا۔ اور گدھے لدی ہوئی لکڑیوں کا سودا طئے کیا۔ اور علی صیقل نے لکڑیوں کے ساتھ گدھے کی کاٹھی بھی اتروالی۔ اسطرح علی صیقل نے لکڑ ہارے پر ظلم کیا۔

2۔ لکڑ ہارا خلیفہ کے پاس شکایت کرتا ہے کہ علی صیقل نے مجھ پر ظلم کیا ہے۔ میں لکڑیاں بیچ کر اپنے بچوں کا پیٹ پالتا ہوں علی صیقل نے لکڑیوں کے ساتھ ساتھ میرے گدھے کی کاٹھی بھی زبردستی مجھ سے چھین لی ہے میرا اسکا بہت جھگڑا ہوا بہت سارے لوگ اکٹھا ہو گئے لیکن میری بات کسی نے نہ مانی۔ سب نے اسی کا ساتھ دیا۔

3۔ لکڑ ہارا علی صیقل سے پوچھتا ہے کہ کیا تم میری اور میرے ساتھی کی حجامت بنا دوگے ؟ اس بات پر علی صیقل نے ہامی بھر لی اور کہا لے آؤ اپنے ساتھی کو میں اسکی حجامت بنا دوں گا۔ لکڑ ہارا اپنے ساتھی گدھے کو لے گیا اور کہا لو بناؤ یہ رہا میرا ساتھی، اس بات پر علی صیقل نے لکڑ ہارے کو برا بھلا کہا اور مارا۔

4۔ علی صیقل گدھے کی حجامت بنانے پر پہلے تو راضی نہیں ہوا۔ کیونکہ علی صیقل نے آج تک کسی گدھے کی حجامت نہیں بنائی تھی اور وہ سارے بغداد میں بدنام ہونے سے ڈرتا تھا کہ لوگ اس کا مذاق اڑائیں گے۔

5۔ اس ڈرامے سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں بھی بھی کمزوروں اور غریبوں پر ظلم اور زبردستی نہیں کرنا چاہیے۔ اور اپنے آپ کو کبھی بھی سب سے چالاک نہیں سمجھنا چاہئیے۔

XI۔ تصویر پر اظہار خیال:



یہ ایک غریب آدمی ہے۔ جو روز جنگل جا کر لکڑیاں کاٹ کر اپنے گدھے پر لادے بازار لے جا کر بیچتا ہے۔ اسطرح اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالتا ہے۔



اس تصویر میں نظر آرہا ہے کہ لکڑ ہارا اپنی لکڑیاں علی صیقل کو بیچتا ہے۔ علی صیقل کہتا ہے کہ لکڑیوں کی قیمت طے ہوئی ہے۔ اسمیں گدھے کی کاٹھی بھی شامل ہے۔ وہ بھی لکڑی ہے۔ اس بات پر دونوں جھگڑا کر رہے ہیں۔

حصّہ دوّم جوابی کلید

1۔ نعت (نظم)

I 1۔(a) سردار

2۔(b) عطیہ

3۔(a) پیدا کرنے والا

4۔(b) نوکر، ملازم

5۔(a) نبی

6۔(d) ائمہ

7۔(a) شعراء

8۔(a) حلال

II۔

9۔(a) مکّے

10۔(a) مقام

III۔

11۔ م ۔ ح ۔ ب ۔ و ۔ ب = محبوب

12۔ ک ۔ و ۔ ن ۔ ے ۔ ن = کونین

13۔ ط ۔ و ۔ ف ۔ ا ۔ ن = طوفان

14۔ ر ۔ م ۔ ز ۔ ا ۔ ن = رمضان

IV۔

15۔ نبیوں کے امام حضرت محمد مصطفیؐ ہیں۔

16۔ ہم حضرت محمد مصطفیؐ کے اُمتی ہیں۔

17۔ آپؐ کو دیکھنے کے بعد شراب کا پینا حرام ہو گیا۔

18۔ مکہ کی سرزمین پر شراب بنتی تھی۔

19۔ حضورؐ کی آمد سے پہلے جنگل کا راج تھا۔

20۔ رب قدیر۔شانِ تجلّی

21۔ ایسی نظم جس میں حضرت محمدؐ کی تعریف بیان کی جاتی ہے نعت کہلاتی ہے۔

22۔ آپؐ کو دیکھنے کے بعد اُمت مسلمہ کو نعمتیں ملیں۔

V۔

23۔ شاعر نعت میں حضور اکرمؐ کے اوصاف کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضورؐ تمام انبیاء کے امام ہیں۔ اور آپؐ کی نسبت کی وجہ سے مکہ کے پتھروں کیکا نصیب چمک اُٹھا۔ آپؐ کے اخلاق سے متاثر ہو کر آقا بھی غلام ہو گئے اور تمام امتِ مسلمہ کو نعمتیں حاصل ہوئیں۔

24۔ آپؐ کی آمد سے شراب کا پینا حرام ہو گیا۔ اور آپؐ کی آمد سے جو جنگل کا راج تھا یعنی جو ظلم کا اندھیرا تھا وہ بھی دور ہو گیا اور آپؐ کے اخلاق حسنہ سے متاثر ہو کر آقا بھی آپؐ کے غلام بن گئے۔ اور تمام اُمتِ مسلمہ کو نعمتیں حاصل ہوئیں۔

25۔ اس شعر میں شاعر حضورؐ کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ آپؐ کے دامن سے لپٹ کر یعنی آپؐ کی تعلیمات، اخلاق و کردار سے متاثر ہو کر کئی بڑے بادشاہ بھی آپ کے غلام بن گئے۔

26۔ شعر میں شاعر فرمارہے ہیں کہ آپؐ کی نسبت سے مکہ کی پہاڑیوں کے پتھروں کا نصیبہ چمک اٹھا اور دنیا کی سب سے مقدس جگہ کا شرف حاصل ہوا ۔ اور دنیا میں اعلیٰ مقام مل گیا۔

27۔ وہ لفظ جو اسم کے بدلے میں آتا ہے۔ اُس کو ضمیر کہتے ہیں۔

مثال: یہ۔ وہ -اُس ۔ میرا۔ ہمارا وغیرہ

28۔ (a) اُس، میں

(b) میرا، مجھ

VI۔

29۔
جنّت ۔ بہشت
قلب ۔ دل
زمین ۔ فرش
سحر ۔ صبح
آفتاب ۔ شمس
شب ۔ رات
صبا ۔ ہوا
گال ۔ رخسار
حیات ۔ زندگی
چاند ۔ قمر
جنگل ۔ دشت

VII-30۔ شاعر حضرت نیّر ربّانی نے نعت میں حضور اکرمؐ کے اوصاف کو بیان کرتے ہوئے آپ کی تعریف لکھی ہے۔

شاعر کہہ رہے ہیں کہ ہیں کہ تمام انبیاء میں آپؐ کا مقام بلند و بالا ہے۔ اور آپؐ کو تمام ابنیاء کے امام ہونے کا شرف حاصل ہے۔ مکہ کی سرزمین پر شراب پینا اور دیگر برائیاں عام تھیں۔ آپؐ کی آمد کے بعد شراب کا پینا حرام ہو گیا۔ اور مکہ کے پہاڑوں، پتھروں کا نصیب آپ کی نسبت سے بلند و بالا ہو گیا۔ اور ساری دنیا میں مکہ کو اعلیٰ مقام حاصل ہو گیا۔ آپؐ کی آمد سے پہلے عرب میں جہالت عام تھی۔ ظلم و ستم کا بول بالا تھا آپؐ کی آمد کے بعد یہ جنگل کا راج ختم ہو گیا۔ اور سارے ظلم و ستم کے نظام بدل گئے آپؐ کی تعلیمات اور آپؐ کے اخلاق حسنہ سے متاثر ہو کر دنیا کے بڑے بڑے ظالم و طاقتور بادشاہ بھی آپؐ کے غلام بن گئے۔

آخر میں شاعر کہہ رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا سے بڑا اکرم ہے کہ اللہ نے ہم کو آپؐ کے اُمتی بنایا اور آپؐ ہی کی آمد کی وجہ سے اُمتِ مسلمہ کو تمام نعمتیں حاصل ہوئیں۔

2۔ تعلیمی سیر

1

1۔(a) دولت

2۔(c) خوب صورت

3۔(a) بدنما

4۔(b) بائیں

5۔(a) تیر سے پیدا ہونا

6۔(c) شراوتی

7۔(c) 1960

8۔(b) دودن

9۔(a) چٹان

10۔(c) خصوصیت

II۔

11۔**راکٹ:** خلاء میں راکٹ کے ذریعہ مصنوعی سیارچہ داغے جاتے ہیں۔

12۔**بجلی:۔** بجلی کے ذریعہ مشینوں کو چلایا جاتا ہے۔

13۔**دلکش:** برنداون باغ میں فواروں کے دلکش نظارے دکھائے جاتے ہیں۔

14۔**سلسلہ:** ہمالیہ کے پہاڑی سلسلہ برف سے ڈھکے ہوئے ہیں۔

III۔

15۔ تعلیمی سیر کا آغاز شہر منڈیا سے ہوا۔

16۔جوگ فالس شہر شیواموگا سے سو کلومیٹر کی دوری پر واقعہ ہے۔

17۔جنگلات میں ساگوان صندل اور شیشم کے درخت پائے جاتے ہیں۔

18۔راجا، رور، راکٹ اور رانی جوگ فالس کے چار آبشار ہیں۔

19۔جوگ فالس کے بجلی گھر کا نام کے۔ آر۔ بجلی گھر ہے۔

20۔شراوتی کا مطلب "تیر سے پیدا ہونا" ہے۔

21۔جوگ فالس کے آبشار راجا، راکٹ، رورر اور رانی ہے۔

22۔پہلے دن بچوں نے بھدرا ڈیم دیکھا۔

23۔جوگ فالس کے راستے میں جنگل، پہاڑ اور درخت نظر آرہے تھے۔

24۔ جنگلی جانور جنگل میں غذا نہ ہونے کی وجہہ سے آبادی والے علاقے کی طرف چل پڑتے ہیں۔

25۔ تمام بچے سیڑھیوں کے ذریعہ تہہ تک پہنچے۔

26۔ پہاڑی سلسلے میں بڑی بڑی چٹانوں کی اونچائی سے گرنے واتے ہوئے قدرتی پانی کو آبشار کہتے ہیں۔

27۔ جوگ فالس کے بجلی گھر میں 120 میگاویٹ بجلی تیار کی جاتی ہے۔

IV۔

28۔ جنگلات کے کٹنے کا اثر ماحول پر پڑتا ہے۔ برسات کم ہو جاتی ہے۔ جنگلی جانور جنگل میں غذا نہ ہونے کہاوجہ سے آبادی والے علاقے کی طرف چل پڑتے ہیں۔

29۔ کثیر مقدار میں پانی 960فیٹ کی اونچائی سے زمین پر گرنے کی وجہ سے راجا کہلاتا ہے۔ دوسرا بڑے شور وغل کے ساتھ چٹانوں سے گرنے کی وجہ سے رورر کہلاتا ہے۔ تیسرا راکٹ کی طرح دھماکہ دار آواز کے ساتھ گرنے کی وجہہ اُسے راکٹ کہتے ہیں چوتھا آبشار اوپر سے نیچے چٹانوں سے مس کرتا ہوا خاموشی کے ساتھ گرنے کی وجہہ سے رانی کہلاتا ہے۔

30۔ بڑے بڑے پائپز کے ذریعے پانی تیزی سے نیچے بڑے پنکھوں پر گرتا ہے۔ تب پنکھے تیزی کے ساتھ گھومنے لگتے ہیں جس سے بجلی پیدا ہوتی ہے۔

31۔ شراوتی ندی تیر تہلی کے امبو تیر تھامقام پر پیدا ہو کر بہتی ہوئی جوگ فالس پر آبشار بناتی ہے۔

32۔ ضمیر اشارہ (a) یہ ، وہ

(b) اِس ، اُس

V۔

33۔ یہ جملہ ہماری کتاب ندائے اُردو کے سبق "تعلیمی سیر" سے لیا گیا ہے۔ یہ جملہ عاصم نے دلبر سے اس وقت کہا جب عاصم نے جنگلات کے درختوں کو کاٹنے اور لکڑیاں گھر لے جانے کے بارے میں بات کر رہا تھا۔

34۔ یہ جملہ ہماری کتاب ندائے اُردو کے سبق "تعلیمی سیر" سے لیا گیا ہے۔ یہ جملہ نویدہ نے اُستاد صاحب سے اُس وقت کہا جب وہ جوگ فالس کے قریب پہنچے تو اُنہیں ایک بڑی ندی نظر آگئی اس ندی کو دیکھ کر نویدہ نے یہ جملہ اس استاد صاحب سے کیا۔

35۔ یہ جملہ ہماری کتاب ندائے اُردو کے سبق "تعلیمی سیر" سے لیا گیا ہے۔ یہ جملہ شعیب نے استاد صاحب سے کہا۔ بس جوگ فالس کی طرف نکل پڑی تو راستہ میں بچے جنگل اور پہاڑی سلسلے کو دیکھ کر جھوم رہے تھے ان مناظر کو دیکھ کر ان کے ذہنوں میں بہت سارے سوالات پیدا ہو گئے۔ اس وقت شعیب نے یہ جملہ اُستاد صاحب سے کہا۔

VI۔

36۔ پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔ پربت

استاد۔ سکھانے والا۔ معلم۔ گرو

پیڑ۔ جھاڑ۔ درخت۔ شجر

VII-37۔ اس تصویر میں بیجاپور کا گول گنبد ہے۔ گول گنبد ہماری ریاست کرناٹک کے شہر بیجاپور میں واقع ہے۔ یہ ایک مشہور تاریخی عمارت ہے۔ جو سلطان محمد عادل شاہ کا مقبرہ ہے۔ اس کی تعمیر 1656ء میں مکمل ہوئی۔

یہ دنیا کے سب سے بڑے گنبدوں میں سے ایک ہے۔ اس کا گنبد بغیر کسی ستون کے کھڑا ہے۔ جو ایک حیرت انگیز بات ہے۔

اس گنبد کی خاصیت یہ ہے کہ ایک مرتبہ آواز لگانے پر 7 بار سنائی دیتی ہے۔ اس لئے اس کا نام 'بولی گنبد' ہے۔ یہ فنِ تعمیر کا اعلیٰ نمونہ ہے۔

3۔دوالی (نظم)

I

1۔(a) چراغ

2۔(d) عید

3۔(c) عوامی شاعر

4۔(c) جھوٹ

5۔(c) تولنا

6۔(b) زمانہ

7۔(a) غم

8۔(b) خزاں

9۔(b) قصّہ

10۔(b) نصیحت

11۔(a) مثالی

12۔(b) یارو

13۔(b) مٹھائیاں

14۔(b) قرض

II

15۔ نظیر اکبر آبادی دوالی کے جو اریا ہیں۔

16۔ دوالی کے موقع پر لوگ برفی اور بتاشے تلوا رہے ہیں۔

17۔ سبھوں کو اب دوالی ہی کی فکر ہے۔

18۔ ہر طرف دوالی کا اُجالا پھیلا ہوا ہے۔

19۔ ہر ایک مکان میں دوالی پر دیا جلایا جاتا ہے۔

20۔ دوالی کے دن عجب بہار کا دن آتا ہے۔

21۔ پیڑے، لڈو، گلاب جامن، میسور پاک، جلیبی وغیرہ

22۔ شاعر نظیرؔ اکبر آبادی نے نصیحتوں کو دل میں رکھنے کی تلقین کی ہے۔

23۔ کھلونے کھیلوں اور بتاشوں سے بازار گرم ہے۔ یا

دوالی کا بازار کھلونے کھیلوں اور بتاشوں سے گرم ہے۔

24۔ حلوائی "لالہ ادوالی ہے آئی" پکارتے ہیں۔

III۔

25۔ پھر دیا دوائی کا

26۔ ہوا دوالی کا

27۔ بھاگیا دوالی کا

28۔ خوش لگا دوالی کا

IV۔

29۔ نام: شیخ ولی

پیدائش: 1755ء

تخلص: نظیرؔ

لقب: عوامی شاعر

طرز شاعری سادہ اور عوامی

وفات: 1820ء

30۔ دیا ۔ گیا

ہوا ۔ لگا

تیوہار ۔ اُدھار

بازار ۔ بہار

حلوائی ۔ تلوائی

جانیوں ۔ ٹھانیو ۔ بکھانیو ۔ مانیو

31۔ د۔ی۔و۔ا۔ل۔ی = دیوالی

ح۔ل۔و۔ا۔ء۔ی = حلوائی

32۔ **ضمیر شخصی:۔** وہ ضمیر کے کلمات جو اشخاص کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ضمیر شخصی کہلاتے ہیں۔

مثال: میں۔ تو۔ ہم۔ تم۔ ہمارا۔ وغیرہ

33۔ 1۔ **بہار:** موسم بہار میں دل کش نظارے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ یا

تیوہار کے موقع پر ہر گھر میں بہار آجاتی ہے۔

2۔ **تیوہار:** ہم اپنے گھروں میں تیوہار مل جل کر مناتے ہیں۔

34۔ حلوائی اپنی مٹھائیوں کی دکان میں مٹھائیاں سجا کر "لالہ! دوالی ہے آئی" کی آواز لگا رہے۔ قسم قسم کی مٹھائیاں بتاشے برفی کی خریداری کر رہے ہیں۔ کھلونے والے بھی زیادہ سے زیادہ کھلونے بیچ رہے ہیں۔

V۔

35۔ نظیرؔ اکبر آبادی نے دوالی کے تیوہار کا خوب صورت نقشہ کھینچا ہے دوالی کے موقع پر ہر گھر میں دوالی کے دیئے جلائے جاتے۔ ہیں اور یہ نظارہ بہت ہی دلکش دکھائی دے رہا ہے۔

دوالی کے موقع پر بازار میں خریداری کی دھوم دھام چلی ہوتی ہے۔ کوئی نقد اور کوئی اُدھار مٹھائی اور کھلونے خرید رہا ہے۔ مٹھائیوں بھی کی دُکان میں مٹھائی بنانے والے آواز لگا لگا کر اپنی مٹھائیاں فروخت کر رہے ہیں۔ کوئی بتاشے تو کوئی برفی کوئی کچھ اور خرید رہا ہے۔ مٹھائی والوں سے زیادہ کھلونے والوں کے پاس لوگوں کا ہجوم لگا ہوا ہے۔

36: 1 **بیساکھی:۔** بیساکھی سکھوں کی عید جو فصل کی کٹائی کا تہوار ہے جو بہت ہی جوش و خروش سے منائی جاتی ہے۔

2۔ **کرسمس:۔** کرسمس عیسائیوں کا تیوہار ہے جو 25 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ اِس دن لوگ تحفے دیتے ہیں اور گھر سجاتے ہیں۔

3۔ **دسہرہ:۔** دسہرہ کے دن لوگ راون کے پتلے جلا کر خوشیاں مناتے ہیں۔

4۔ **ہولی:۔** ہولی رنگوں کا تیوہار ہے۔ اس دن لوگ ایک دوسرے کو رنگ لگاتے ہیں۔

5۔ **رکشابندھن:۔** رکشابندھن کے دن بہن بھائی کی کلائی پر راکھی باندھ کر اِس کی لمبی عمر کی دعا کرتی ہے۔

6۔ **عید الفطر:۔** عید الفطر رمضان کے روزے کے مکمل ہونے پر منائی جاتی ہے۔ عید کے دن تمام لوگ نئے کپڑے پہن کر، خوشبو لگا کر عید گاہ میں نماز پڑھتے۔

4۔ صحت اور صفائی

I

1۔(b) گرم

2۔(b) گھومنا

3۔(b) غیر ضروری

4۔(b) مواقع

5۔(c) فائدہ مند

6۔(b) حیوان

7۔(a) مسام

8۔(b) آفات

9۔(b) اچھی غذا

10۔(a) بدن میں حرارت

11۔(c) گرما

12۔(b) نہانے سے

II

13۔ جراثیم

14۔ بیماریاں

15۔ گندے۔ فاضل

16۔ پھوڑے۔ خارش

III۔

17۔ صحت کے لئے کیا ضروری ہے؟

18۔ پسینے میں کیا ہوتا ہے؟

IV۔

19۔ انسانی غذا کی خاص چیزیں گیہوں، چاول، چنا، سبزیاں انڈا، دودھ، گھی، مچھلی، گوشت وغیرہ ہیں۔

20۔ جلد کی دو پرتیں ہوتی ہیں۔ 1۔ اندرونی پرت 2۔ بیرونی پرت

21۔ جسم میں باریک باریک سوراخ ہوتے ہیں جنہیں مسام کہتے ہیں،

22۔ جسم کو صاف رکھنے کے لئے نہانا ضروری ہے۔

23۔ کھانا کھانے، ورزش یا جسمانی محنت کرنے کے فوراً بعد نہانا ٹھیک نہیں ہے۔

24۔ نہانے کے بعد جلد اور بالوں کو تولیے سے اچھی طرح خشک کر لینا چاہیئے۔

25۔ بدن کی مالش سے دوران خون ٹھیک رہتا ہے اور جلد نرم ہوتی ہے۔

26۔ جسمانی محنت کرنے، کھیلنے کودنے، اور ورزش کرنے سے خوب پسینہ آتا ہے۔

27۔ جسم سے گندے ماڈے خارج نہ ہونے پر طبیعت میں سستی اور کاہلی پیدا ہونے لگتی ہے۔

28۔ صحت کے لئے اچھی غذا، کھلی اور تازہ ہوا اور صفائی نہایت ضروری ہے۔

29۔ حرارت سے کھانا ہضم ہوتا ہے۔

30۔ بچے جوان بوڑھے تندرست اور بیمار کے لئے دودھ فائدہ مند ہے۔

31۔ جہاں گندگی ہوتی ہے وہاں مکھیاں اور مچھر پیدا ہوتے ہیں۔

32۔ بیماریوں سے بچنے کے لئے جسم کی صفائی ضروری ہے۔

33۔ جسم کے جو حصے زیادہ استعمال ہوتے ہیں وہاں کی جلد موٹی ہوتی ہے۔

34۔ کیڑے مکوڑے اور جراثیم انسان کی صحت کے دشمن ہیں۔

V۔

35۔ ہری سبزیاں صحت کے لیے بے حد مفید ہوتی ہیں۔ ساگ اور ترکاریاں بدن میں حرارت بڑھاتی ہیں۔ جس سے کھانا ہضم ہوتا ہے۔

36۔ دودھ نہایت عمدہ غذا ہے۔ اس میں وہ تمام چیزیں موجود ہیں جو صحت کے لیے ضروری ہیں بچے، جوان، بوڑھے، تندرست اور بیمار سب کے لیے دودھ فائدہ مند ہے۔

37۔ گندگی سے طرح طرح کے کیڑے اور جراثیم پیدا ہوتے ہیں۔ ہزاروں جراثیم ایسے ہوتے ہیں، جنہیں ہم آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔ کیڑے مکوڑوں سے مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

38۔ جلد کی دو پرتیں ہیں بیرونی پرت اور دوسری اندرونی پرت، جلد جب تک صحیح و سالم رہتی ہے جسم میں جراثیم داخل نہیں ہو پاتے۔

39۔ جسم میں باریک باریک سوراخ ہوتے ہیں، جنہیں مسام کہتے ہیں۔ ان سے پسینہ خارج ہوتا ہے۔ مسام نہایت ہی باریک ہوتے ہیں جنہیں ہم خوردبین کی مدد سے دیکھ سکتے ہیں۔

40۔ اگر جلد کی صفائی نہ کی جائے تو باہر سے گرد و غبار اور اندر سے نکلنے والے مادے مسامات کو بند کر دیتے ہیں اور پسینہ نہیں نکل پاتا۔ بدن پر میل جم جاتا ہے جسم پر پھوڑے پھنسیاں نکلنے لگتی ہیں اور خارش ہو جاتی ہے۔

41۔ نہانے سے جسم پر جمع ہوا میل دور ہو جاتا ہے۔ مسام کھل جاتے ہیں اور جسم میں خون کی گردش تیز ہو جاتی ہے۔ چستی پیدا ہوتی ہے۔ طبیعت فرحت اور تازگی محسوس کرتی ہے۔

42۔ ضمیر موصولہ وہ ہے جو کسی جملے کو دو حصوں میں ملاتی ہے۔ جیسے جس نے، جنہوں نے، جسے۔ جنہیں، جس کو، جن کا وغیرہ

VI۔

43 1۔ورزش 4۔شرط

2۔مسامات 5۔سخت

3۔دشمن 6۔صفائی

44۔

مذکرالفاظ	مونث الفاظ
لباس	غذا
خون	صحت
میل	ہوا

VII۔

45۔صحت منداور تندرست رہنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان اچھی غذا کھائے۔گیہوں،چاول،چنا،سبزیاں، پھل،انڈا،دودھ، مچھلی ،گھی،گوشت،وغیرہ غذائی اشیاء کامتوازن مقدار میں استعمال کریں۔

صحت مندرہنے کے لیے ہمیں بیماریوں سے بھی بچنابے حد ضروری ہے۔بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لئے بستی، محلے،گھر اور لباس کی صفائی کے ساتھ ساتھ جسم کی صفائی بھی ضروری ہے۔ جسم کی صفائی کے لیے روزانہ نہانابے حد ضروری ہے تاکہ پسینے کے ذریعے نکلنے والے مادے جلد پر نہ جم جائیں اور مسامات کھلے رہیں۔مسام کھل جانے سے جسم میں خون کی گردش تیز ہو جاتی ہے۔چستی پیدا ہوتی ہے۔طبیعت فرحت اور تازگی محسوس کرتی ہے۔بدن کی مالش سے دوران خون ٹھیک رہتاہے اور جلد نرم ہوتی ہے۔

5۔پند نامہ (نظم)

11۔(a) رک جانا

2۔(d) ظاہر کرنا

3۔(b) حیدر طباطبائی

4۔(b) اوصاف اچھائیاں

5۔(b) دعوے

6۔(a) افلاک

7۔(b) منازل

8۔(c) کامیابی

9۔(a) قدیم

10۔(a) ارض

11۔(d) بازو

12۔(c) پر

(c)13 نظمؔ

14۔(a) مال وزر

II

15۔کسی کا عیب معلوم ہو تو اُسے ظاہر نہیں کرنا چاہیئے۔

16۔شاعر نے مال وزر کو ہاتھ کا میل کیا ہے۔

17۔نصرت کے لیے قوم پکارنے پر بے تامل اُٹھ کر مدد کرنا چاہیے۔

18۔گور غریباں" حیدر طباطبائی کی لکھی ہوئی نظم ہے۔

19۔جب اپنا ہی قصور ہو تو تب فلک کا شکوہ نہیں کرنا چاہئے۔

20۔اگر کسی کا راز معلوم ہو تو اس کو افشاں نہیں کرنا چاہئیے۔

III

21۔باز = ایک شکاری پرندہ	بعض = چند
22۔مال = سامان	مال = انجام
23۔شکوہ = شکایت	شکوہ = شان وشوکت
24۔سورت = گجرات شہر کا نام	صورت = شکل

IV۔

25۔ دعوی:- نمرود خدائی کا دعوی کرنے والا یہودی حکمران تھا۔

26۔ قوم:- ہمیں ہر دم اپنی قوم کی خدمت کرنی چاہیئے۔ یا

قوم کی ترقی تعلیم پر منحصر ہے۔

27۔ نقش:- حضور اکرمؐ کے اخلاقِ حسنہ ہر دوست و دشمن کے دل میں نقش ہو جاتے تھے۔ یا

قدیم عمارتوں میں خوبصورت مناظر نقش کئے گئے ہیں۔

28۔ ہمت:- ہمیں ہر کام ہمت و حوصلہ کے ساتھ کرنا چاہیئے۔

V۔

29۔ جب ایک شخص میں وہ تمام تر خوبیاں پیدا ہو جائیں جو ایک انسان بننے کے لئے ضروری ہیں تب وہ شخص انسان ہونے کا دعوی کر سکتا ہے۔ انسان میں محبت خلوص، ہمدردی جیسے جذبات بے حد ضروری ہیں۔

30۔ قوم مدد کو پکارنے پر بغیر سوچے سمجھے بغیر وقت گنوائے فوراً مدد کرنے کے لئے اُٹھ جانا چاہیئے۔ جب بھی قوم کو مدد کی ضرورت ہو تو ہمیں دل و جان سے قوم کی مدد کرنی چاہیئے۔

31۔ جب ہماری ناکامی کی وجہہ ہماری سستی و کاہلی ہو یعنی ہم اپنے دست و بازو کو بھی استعمال کرنے میں کاہلی کرتے ہوں یعنی کوئی کام بھی وقت پر مکمل نہ کرتے ہوں تب ناکامی ہمارا مقدر بن جاتی ہے تو اس وقت فلک کا شکوہ کرنا بے جا ہوتا ہے۔

32۔ شاعر نے مال و زر کو ہاتھ کا میل اس لئے کہا ہے کہ جس طرح سے ہاتھ میں میل نہیں رہتا اسی طرح مال و زر کسی کے پاس ہمیشہ کے لئے نہیں رہتا ہے۔ اور ہاتھ کی میل کی طرح وہ چلا جاتا ہے

33۔ تشریح: انسان میں جتنی خوبیاں ہونی چاہیئے اگر وہ اس میں نہ ہوں تو وہ اپنے آپ کو انسان ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔

34۔ تشریح: اگر تیری ناکامی کا باعث تو خود ہی ہے تو فلک کا شکوہ کرنا بے جا ہے۔

35۔ **ضمیر موصولہ** وہ ہے جو کسی جملے کو دو حصوں میں ملاتی ہے۔ جیسے، جس

ضمیر تنکیر وہ ضمیر ہے جو ایسے شخص یا ایسی چیز کے لئے استعمال کی جائے جس کا ٹھیک حال معلوم نہ ہو۔

مثلاً: 1۔ بازار میں کوئی آدمی جا رہا ہے۔

2۔ احمد کچھ مٹھائی لایا

36۔ جب ہم کوئی کام انجام دیتے ہیں تو اُس کام کے انجام وقت یہ محسوس ہو کہ ہم کر رہے ہیں وہ بالکل درست نہیں ہے۔ اُس وقت ہمیں اپنے کام کو روک کر قدم پیچھے ہٹانا چاہیئے۔

37۔ نام : حیدر

تخلص: نظمؔ

تعلیم: عربی اور فارسی پر عبوریت

پیشہ : اودھ کے شہزادوں کی اتالیق اور عثمانیہ یونیورسٹی کے پروفیسر

مشہور نظم : گورِ غریباں

38۔ **تعلیم**

تعلیم انسان کے لئے بہت ضروری ہے۔ یہ ہمیں اچھا انسان بناتی ہے اور صحیح غلط میں فرق سکھاتی ہے۔ تعلیم کے ذریعے ہم اچھا بولنا، لکھنا اور سوچنا سیکھتے ہیں۔ تعلیم کے بغیر زندگی اندھیرے کی طرح ہے۔ ایک پڑھا لکھا انسان اپنے گھر معاشرے اور ملک کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ اس لئے ہمیں خود بھی تعلیم حاصل کرنی چاہیئے۔ اور دوسروں کو بھی تعلیم کی اہمیت بتانی چاہئے۔

تعلیم ہر بچے کا حق ہے۔ ایک پڑھا لکھا انسان اپنے والدین کا نام روشن کرتا ہے۔ تعلیم سے ہی ہم ہر شعبہ میں ڈاکٹر، انجنئیر۔ استاد یا سائنسدان کام کرنے کے قابل بنتے ہیں۔

6۔ گنّا

11۔(b) ناقابل کاشت

2۔(a) لوسرن

3۔(b) یکساں

4۔(b) ترقی

5۔(d) ڈھیلے

6۔(b) کھانڈ

7۔(c) نامیاتی مادّہ

8۔(a) شکر

9۔(a) چھلکوں

10۔(b) چھ تا آٹھ ماہ

11۔(a) فاسفورس

12۔(d) ہندوستان

II۔

13۔ گہرائی

14۔قسم

15۔اجزاء

16۔حال

III۔

17۔نقصان

18۔خاص

19۔ذرخیز

20۔پردیسی

IV۔

21۔پانی کا بہاؤ

22۔جدید ہل

23۔فضل نہ دینے والی زمین

24۔ دیسی کھاد کا پودا

V۔

25۔ چائے، کافی، تمباکو، مونگ پھلی اور ناریل کے علاوہ گنّا بھی ایک اہم تجارتی فصل ہے۔

26۔ ہندوستان میں اسّی (80) فیصد لوگ زراعت سے جڑے ہوئے ہیں۔

27۔ دنیا میں سب سے زیادہ گنّے کی کاشت برازیل میں کی جاتی ہے۔

28۔ گیہوں، چاول اور جوار غذائی فصلیں ہیں۔

29۔ گنّے کی کاشت اکثر فروری اور مارچ میں کی جاتی ہے۔

30۔ ایک ایکڑ زمین کے لئے ایک ٹن گنّا درکار ہوتا ہے۔

31۔ ہمارے ملک میں گنّے کے کاشت کار قدرتی، معاشی اور اقتصادی مسائل سے دوچار ہیں۔

32۔ گنّے کا بیج ایک مرتبہ بو کر تین یا چار مرتبہ فصل حاصل کی جاتی ہے۔

33۔ اترپردیش، بہار، پنجاب، گجرات، مہاراشٹرا، تمل ناڈو اور آندھرا پردیش وغیرہ میں گنّے کی کاشت کی جاتی ہے۔

34۔ گنّے کی فصل کے لیے عمدہ بیج جو بیماریوں اور کیڑوں سے پاک ہوں ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔

VI۔

35۔ منافع بخش فصل کے لئے ایسی زرخیز زمین چاہیئے، جس میں پانی کا نکاس عمدہ ہو، نامیاتی مادہ وافر مقدار میں ہو اور نامیاتی مادہ وافر مقدار میں ہو اور زمین میں نمی قائم رکھنے کی صلاحیت ہو، زمین بنجر نہ ہو اور نمکینی سے پاک ہو۔

36۔ گنّے کی نشوونما کے لئے مناسب کیمیائی کھاد جیسے نائٹروجن فاسفورس، پوٹاش وغیرہ کا استعمال بھی ہوتا ہے۔ جس سے گنّے کی فصل اگتی جاتی ہے کیڑا مار دوائیاں بھی چھڑکی جاتی ہیں۔

37۔ ہندوستان میں تینتیس (33) فیصد گنا شکر کی تیاری، پچپن (55) فیصد کھانڈ اور گڑ کی تیاری، بارہ فیصد جوس کے لئے، اس کے علاوہ گنے کے چھلکوں کو کاغذ اور کپڑوں کے کارخانوں میں استعمال کرتے ہیں۔

38۔ تین یا چار فصلیں حاصل کرنے کے بعد زمین سخت ہو جاتی ہے اور کاشت کے قابل نہیں رہتی اسے دوبارہ کاشت کے قابل بنانے کے لئے لوسرن سبز کھاد کی کاشت کی جاتی ہیں۔

39۔ ضمیر استفہام وہ ضمیر ہے جس کے ذریعہ کوئی بات پوچھی یا دریافت کی جائے

مثال: کون، کیسا، کہاں، کیا،

VII۔

40۔ گنے کا استعمال:

ہندوستان میں گنے کا استعمال بے شمار چیزوں کے بنانے میں کیا جاتا ہے۔ تینتیس (33) فیصد شکر کی تیاری، پچپن (55) فیصد کھانڈ اور گڑ کی تیاری، بارہ (12) فیصد جوس کے لئے اس کے علاوہ دوسری اشیاء بھی تیار کی جاتی ہیں۔ مثلاً گنے کے چھلکوں کو کاغذ اور کپڑوں کے کارخانوں میں استعمال کیا جاتا۔ شکر کی تیاری کے دوران خارج ہونے والا فضول مادہ شراب کے کارخانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور چھلکوں سے برقی قوت بھی تیار کی جاتی ہے۔

41۔1۔ گنا ایک تجارتی فصل ہے۔

2۔ گنا شکر اور گڑ کی پیداوار میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

3۔ گنا ایک مرتبہ بیج ہو کر تین یا چار فصلیں حاصل کی جاتی ہے۔

4۔ گنا منافع بخش فصل ہے

5۔ گنا اکثر فرد ری اور مارچ میں اُگایا جاتا ہے

42۔ گنے کی کاشت میں ہندوستان دنیا میں دوسرا مقام رکھتا ہے۔ جبکہ براعظم ایشیاء کے لحاظ سے گنّے کی پیداوار میں ہندوستان میں گنّے کی کاشت زیادہ ہوتی ہے۔

43۔ گنّے کی کاشت اکثر فروری اور اکتوبر کے مہینے کی جاتی ہے۔ کبھی کبھی ستمبر اور اکتوبر کے مہینے میں بھی گنے کی کاشت کی جاتی ہے۔ گنے کی نشو نما کے لئے مناسب کیمیائی کھاد جیسے نائٹروجن، فاسفورس، پوٹاش وغیرہ کا استعمال بھی ہوتا ہے۔ جیسے گنے کی فصل اُگتی جاتی ہے۔ کیڑ امار دوائیاں بھی چھڑکی جاتی ہیں۔

44۔ روئی

روئی ایک قدرتی ریشہ ہے جو کپاس کے پودے کے بیجوں کے گرد اگتا ہے۔ یہ نہایت ہی نرم اور ہلکا ہوتا ہے۔ اس لیے اسے کپڑوں کی ی تیاری میں سب سے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ گرم آب و ہوا والے علاقے جیسے پاکستان، ہندوستان، چین اور امریکہ میں اس کی کاشت کی جاتی ہے۔

روئی کو صاف کر کے دھاگہ بنایا جاتا ہے۔ اور پھر مختلف کپڑے تیار کئے جاتے ہیں۔ روئی نہ صرف لباس بلکہ شیٹس، تولیے اور دیگر گھریلو اشیار بنانے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔

7۔ اعتبار

I

1۔(b) سدرشن

2۔(c) بھروسہ

3۔(b) خوبصورت

4۔(d) سلطان

5۔(b) برداشت

6۔(a) محاورہ

7۔(c) ڈاکو

8۔(a) حیران

9۔(a) پولس

10۔(c) حسن اخلاق

11۔(a) رات

12۔(c) مور

13۔(d) کلہن

14۔(c) حیران رہ جانا

15۔(d) کلہن

۔II

1۔ بابا بھارتی کے گھوڑے کی چال ایسی بھی جیسے طاؤس اودی اودی گھٹاؤں کو دیکھ کر ناچ رہا ہو۔

2۔ بابا بھارتی دوڑتے ہوئے سلطان کے پاس گئے۔

3۔ گھوڑے نے اپنے مالک کے قدموں کی چاپ کو پہچانا۔

4۔ بابا بھارتی نے کلہن سے یہ درخواست کی کہ اس واقعہ کا ذکر کسی سے نہ کرے۔

5۔ اپاہج بن کر کلہن نے بابا بھارتی سے مدد مانگی۔

۔III

1۔ بابا بھارتی کا گھوڑا بہت خوبصورت تھا اس کے مقابلے کا گھوڑا سارے علاقے میں نہیں تھا۔ اس لئے بابا بھارتی اپنا گھوڑا دیکھ کر خوش ہوتے تھے۔

2۔ اپنے گھوڑے کو واپس پا کر بابا بھارتی نے کہا کہ اب کوئی غریبوں کی مدد کرنے سے انکار نہیں کرے گا۔

3۔ اپاہج بن کر کلہن (ڈاکو) نے مدد مانگی۔ اور وہ بابا بھارتی کے گھوڑے سلطان کو حاصل کرنا چاہتا تھا۔ اس لئے بابا بھارتی سے مدد مانگی۔

4۔اس کہانی اسے ہمیں یہ درس ملتا ہے کہ ہم اچھے اخلاق سے برے لوگوں کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔اور انکی زندگیوں میں اصلاح لا سکتے ہیں۔

5۔1۔بے رحم، ظالم

2۔ نفع پہنچانے والا

6۔کلہن بابا بھارتی کے اخلاق اور بابا بھارتی کی سلطان سے محبت سے متاثر ہو کر بابا بھارتی کا گھوڑا واپس کر دیا۔

7۔کلہن اس علاقے کا مشہور ڈاکو تھا۔بابا بھارتی اس لئے خوف زدہ رہتے تھے کیوں کہ کلہن نے کہا تھا کہ بابا صاحب یہ گھوڑا تو میرے پاس ہونا چاہئے تھا اسی وجہ بابا بھارتی کو یہ شک ہو گیا تھا کہ کلہن کہیں میرے سلطان کو چرا نہ لے جائے۔

8۔بابا بھارتی اپنا گھوڑا دیکھ کر اس لئے خوش ہوتے تھے کہ ان کا گھوڑا بہت اچھا تھا۔اور کوئی بھی گھوڑا اس علاقے میں نہیں تھا۔نیز بابا بھارتی کو اس گھوڑے سے ایسا لگاؤ تھا جیسے ماں کو اپنے بیٹے اور زمیندار کو اپنے سرسبز و شاداب کھیت سے ہوتی ہے۔

IV۔

1۔**قسمت:۔** پر بھروسہ کرنے کے بجائے محنت پر یقین رکھنا چاہیے۔

2۔**خوف:۔** رات کو دروازہ پر اچانک دستک نے سب کو خوف میں ڈال دیا۔

V۔

A۔سکتہ	،
B۔وقفہ	؛
C۔استفہامیہ	؟
D۔فجائیہ	!
E۔قوسین	( )

VI۔

1۔	(X)
2۔	(√)
3۔	(√)
4۔	(X)
5۔	(√)

VII۔

2۔

الف	**ب**
1۔کنکھیوں سے دیکھنا	نظریں بچا کر دیکھنا
2۔دل موہ لینا	دل لبھانا

3۔ سینے پر سانپ لوٹنا　　　حسد کرنا

4۔ دل پسیجنا　　　دل نرم ہونا

5۔ منہ کھلا رہ جانا　　　حیران رہ جان

VIII۔

1۔ محتاج:　انسان ہمیشہ اللہ کی رحمت کا محتاج رہتا ہے۔

2۔ طاؤس:　طاؤس ہمارا قومی پرندہ ہے۔

3۔ اعتبار:　جھوٹ بولنے والے پر کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

4۔ ملال:　اگر کوئی چیز ہاتھ سے چلی جائے تو اس کا ملال نہیں کرنا چاہیے۔

5۔ شہرت:　اسلم کی بہادری کی وجہہ سے سارے محلے میں اس کی شہرت ہو گئی۔

6۔ تعریف:　تمام تعریف کا حق دار اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے ساری کائنات کا نظام چلا رکھا ہے۔

IX۔

1۔ کلہن اس علاقہ کا مشہور ڈاکو تھا۔

2۔ بابا بھارتی نے پوچھا: "کلہن ! کیا حال ہے؟"

3۔ "مدت سے ترس رہا تھا، آج حاضر ہوا ہوں۔"

4۔ بابا بھارتی نے پوچھا "وہاں تمہارا کون ہے؟"

5۔ بابا بھارتی کچھ دیر خاموش رہے اس کے بعد پوری طاقت سے چلّا کر کہا: "ذرا ٹھہرو!"

8۔ تعلیم کی ترغیب (نظم)

I　1۔(b)　الطاف حسین حالیؔ

2۔(d)　تعلیم کی اہمیت

3۔(c)   غفلت سے

4۔(c)   علم کی روشنی بجھنے کا خطرہ ہے۔

5۔(d)   کہیں ایسا نہ ہو

6۔(b)   شمع دان

7۔(c)   سزائیں

8۔(c)   پانی

9۔(a)   فعل

10۔(c) خدمت

11۔(a) آدمیت

12۔(b) مسدس حالی

13۔(c) علم وفن سے

14۔(c) اپنی قابلیت دکھانے کی

15۔(b) تعلیم کی اہمیت

II۔1۔شاعر اس شعر میں کہتا ہے کہ تمہیں علم اور فن کو اس طرح عام کرنا ہو گا تمہاری آنے والی نسلیں بہترین انسان اور مہذب قوم کے افراد بنیں ۔علم انسانیت کو سنوارتا ہے۔اور اسے حقیقی ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔

2۔شاعر اس شعر میں پیغام دیتا ہے کہ قوموں کی ترقی صرف بہادری یا دولت سے نہیں بلکہ ہنر مند اور کاریگر افراد کی محنت و قابلیت سے ہوتی ہے۔ہمیں چاہئے ان کے فن کی قدر کریں۔ان کو کام کرنے کا حوصلہ دیں اور ان کی رہنمائی کریں تاکہ وہ اپنی قابلیت کے ذریعے قوم کے لئے .کارآمد ثابت ہوں۔

III۔1۔شاعر نے قوم کی اصلاح کے لئے تعلیم کو ضروری قرار دیا کہ تعلیم انسان کو شعور، علم وہنر عطا کرتی ہے جس کی بدولت قوم ترقی کی راہوں پر گامزن ہوتی ہے۔تعلیم کے بغیر قوم جہالت، کمزوری اور پسماندگی میں بہت مبتلار ہتی ہے۔ہے۔شاعر کے مطابق تعلیم ہی وہ روشنی ہے جو انسان کو اپنی پہچان،عزت اور غیرت سکھاتی ہے جو اسے کامیابی کی منزل تک پہنچاتی ہے۔

2۔تعلیم کے بغیر ایک قوم جہالت اور پسماندگی میں مبتلا رہتی ہے۔ایسی قوم ترقی کی راہوں پر آگے نہیں بڑھ سکتی اور دوسروں کی غلام بن جاتی ہے۔تعلیم نہ ہونے کی وجہ سے لوگ علم وہنر سے محروم رہتے ہیں جس کے باعث معاشی سماجی اور اخلاقی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔قوم میں بیداری،اتحاد اور شعور پیدا نہیں ہوتا اور وہ دنیا کے ساتھ قدم ملا کر نہیں چل سکتی۔اس طرح کی قومیں وقت کے ساتھ زوال پذیر ہو جاتی ہیں۔

3۔شاعر کے مطابق عزت اور غیرت تعلیم،ہنر اور محنت کے ذریعے پیدا ہوتی ہے۔جب ایک قوم علم فن میں آگے بڑھتی ہے۔اپنی صلاحیتوں کو پہنچانتی ہے۔اور خود کو سنوارتی ہے تو دنیا میں اس کی عزت اور وقار بڑھتا ہے۔شاعر کا کہنا ہے کہ تعلیم وہنر ہی وہ راستے ہیں جو قوم کو عزت،ترقی اور بلند مقام عطا کرتے ہیں۔

4۔ ترکِ تعلیم سے بے پناہ بلائیں آتی ہیں۔

5۔ چراغوں کو بجھنے سے بچانے کے لئے فانوس بننا پڑتا ہے۔

6۔ علم و فن کو حاصل کر کے پھیلانا چاہئیے۔

7۔ علم و فن کو پھیلانے سے نسلیں آگے بڑھیں گی۔

8۔ غریبوں کی ترقی کی راہ میں تعلیم کے ذریعہ آسان ہو گی۔

9۔ دین و دنیا دونوں میں نام کمانے کے لئے تعلیم ضروری ہے۔

10۔ اچھائی اور بُرائی میں فرق تعلیم سے کیا جا سکتا ہے۔

11۔ تعلیم سے قوم کھانے، کمانے اور زمانے میں منہ دکھانے کے قابل ہو گی۔

12۔ قوم کی خدمت کرنے والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہئے۔

13۔ فعل وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا پایا جائے۔

IV۔1۔ ہمیں مشکل وقت میں بھی اپنا حوصلہ بلند رکھنا چاہیے۔

2۔ والدین کی خدمت کرنا ہماری سب سے بڑی ذمہ داری ہے۔

3۔ حمدان ایک قابل اور ذہین طالب علم ہے۔

4۔ دوسروں کو عزت دینا انسان کی اپنی شخصیت کو بلند کرتا ہے۔

V۔1۔ وہ کاش اب بھی غفلت سے باز آئیں۔

2۔ کے ہیں بے پناہ آنے والی بلائیں۔

3۔ چراغوں کو فانوس بن اب خطر ہے۔

VI۔1۔ پانی پت

2۔ ترقی

3۔ ہر میدان

4۔ قدر و قابلیت

5۔ تعلیم و اصلاح

VII۔1۔ ایک شکاری پرندہ

2۔ چند

2۔ زمین

4۔ درخواست

VIII۔

1۔ علم وفن پھیلانے سے نسلیں انسان بنیں گی۔ اور ادب واخلاق، تہذیب وتمدن سیکھیں گی۔ اور زندگی کو اچھی طرح گذاریں گی۔
2۔ جن لوگوں میں ہنر ہو اُن کی قدر کرنی چاہیئے۔ اور ان کو ترقی کی رغبت دلا کر ان کی ہمت افزائی کرنی چاہیئے۔

9۔ فہم و فراست کا بادشاہ

I

1۔(c) مہیش داس

2۔(b) عقلمند

3۔(b) اکبر

4۔(a) غریب

5۔(b) حاضر جوابی

6۔(b) نورتن

7۔(c) انعامات

8۔(b) پڑھ

9۔(b) غضب

10۔(b)راجہ اور کوی راج

11۔(c) رشوت نہ دینے کی وجہہ

12۔(d) کم فراست

II۔

1۔ایک درباری نے بیر بل سے ایک مشکل سوال پوچھا جس کا بیر بل نے اپنی ذہانت اور فراست سے ایسا جواب دیا کہ سب حیران رہ گئے۔

2۔بادشاہ اکبر نے جب بیر بل کا اونٹ کے سوال پر دیا گیا عقلمندانہ جواب سنا تو وہ بیر بل کی ذہانت اور حاضر جوابی سے بہت خوش ہوئے۔

3۔بیر بل کو بادشاہ اکبر نے دربار میں شامل اس لئے کیا کیونکہ اس کی عقل اور سمجھ بوجھ کی مثال پورے علاقے میں دی جاتی تھی۔

4۔بیر بل کی باتوں سے اکبر پر یہ ظاہر ہوا کہ بیر بل نہایت عقلمند اور حاضر جواب ہے۔

5۔بیر بل کا اصلی نام مہیش داس تھا۔

6۔بیر بل کی آواز غضب کی تھی۔

7۔بیر بل بے انتہا ذہین اور حاضر جواب تھے۔

8۔بیر بل اکبر کے دربار میں شامل ہو گئے۔

9۔بیر بل اکبر کی آنکھوں کا تارا بن گئے۔

10۔راجہ اور کوی راج بیر بل کے خطابات تھے۔

11۔اکبر نے بیر بل سے جاگیر دینے کا وعدہ کیا تھا۔

12۔اکبر نے اونٹ کو دیکھ کر بیر بل سے سوال کیا کہ "بیر بل! اونٹ کی گردن ٹیڑھی کیوں ہوتی ہے؟"

III-

1- (X)

2- (√)

3- (√)

4- (X)

5- (X)

IV-

1۔انعام:-اچھے کام کرنے والوں کو اللہ کی طرف سے انعام ملتا ہے۔

2 ۔بیر بل کا اصلی نام مہیش داس تھا۔1560ء میں بنارس کے ایک موضع کالپی میں پیدا ہوئے۔

3۔اکبر نے یہ سوال پوچھا کہ بیر بل 'اونٹ کی گردن ٹیڑھی کیوں ہوتی ہے؟

4۔اکبر نے خوش ہو کر کہا بیر بل تمہاری عقل و فراست کی کوئی مثال نہیں، تم نے ہمیشہ اپنی حاضر جوابی سے میرا دل جیت لیا ہے۔

V-

1۔ہوشیار

2۔انعام

3۔حسد

4۔نورتن

5۔خوش مزاج

VI-

1۔سر قلم ہونا

2۔ناک چڑھانا

3۔دل دکھانا

4۔منہ سی لینا

5۔آنکھ چرانا

VII-

1۔کسی درباری نے اکبر اعظم سے کہا" جہاں پناہ! بیر بل اگرچہ عقل مند آدمی ہے۔ مگر خاکسار کے بارے میں آپ کا خیال ہے۔ کہ بیر بل کی جگہ آپ مجھے عنایت فرمائیں تو شاید آپ کا یہ نمک خوار بیر بل سے زیادہ اچھا کرے گا۔ اور زیادہ حاضر جوابی اور ہنر مندی کا ثبوت دے گا۔" اکبر نے اس سے کہا اس میں شک نہیں کہ تم ایک قابل پڑھے لکھے اور سمجھ دار آدمی ہو تم بیر بل کا مقابلہ نہیں کر سکو گے۔ مگر پھر بھی وہ شخص اصرار کرتا رہا تو اکبر نے کہا

"اچھااس کافیصلہ دربار میں ہو جائے گا۔ تم بیر بل کی جگہ لینے کے اہل ہو یا نہیں، ساتھ ہی تمہاری عقلمندی، فراست اور حاضر جوابی کا امتحان بھی ہو جائے گا۔"

چنانچہ دوسرے دن دربار میں اکبر اعظم نے اس شخص سے ایک عجیب غریب سوال کیا۔ "بتاؤ اس وقت جو لوگ دربار میں بیٹھے ہیں ان کے دلوں میں کیا ہے؟" یہ سوال سن کر وہ شخص سٹپٹا گیا اور اس نے کہا "حضور! کسی کے دل کا حال معلوم کرنا ہوتو ناممکن ہے۔" یہی سوال بیر بل سے پوچھا تو بیر بل نے اس کا جواب دیا کہ "حضور! سب لوگوں کے دلوں میں ہے کہ آپ کی سلطنت ہمیشہ قائم رہے۔ اگر یقین نہ ہو تو آپ ان سے دریافت کر لیجئے کہ میں سچ کہہ رہا ہوں یا جھوٹ۔"

2۔ لاہور سے بیر بل دہلی چلے آئے یہاں انکی رسائی اکبر کے دربار تک ہو گئی۔ اکبر نے بیر بل کو اپنے دربار میں ملازم رکھ لیا۔ بیر بل نہایت شوخ، بذلہ سنج اور حاضر جواب تھے۔ انہوں نے آتے ہی دربار اکبر میں اپنی شوخیوں کے پھول کھلانے شروع کر دیئے۔ اسطرح جلد ہی اکبر کی آنکھوں کا تارا بن گئے۔

3۔ اس جواب کو تحریر کرنے کے لئے اساتذہ طلباء کی رہنمائی کریں۔

10۔پیدل سے ہوائی جہاز تک

I

1۔(a)   پیدل

2۔(b)   بھاپ کا انجن

3۔(c)   فلٹن

4۔(b) مارکونی

5۔(b)   ماں

6۔(c)   دو

7۔(b)   پرندوں سے

8۔(c)   چندفٹ

9۔(b)   پانی

10۔(b)لگاتار

11۔(d) آخر

II۔

1۔انسان نے سب سے پہلے پیدل سفر شروع کیا۔

2۔سامان اور افراد کو ایک جگہ لے جانے کے لئے انسان نے پہئے کو ایجاد کیا۔

3۔۔انجن ایجاد نے سفر کو تیز اور آرام دہ بنادیا۔اس سے گاڑیاں اور ریل گاڑیاں چلنے لگیں جو کم وقت میں زیادہ فاصلہ طے کرنے لگیں اور سامان کی ترسیل بھی آسان ہوگئی۔

4۔سب سے پہلے ریل گاڑی بھاپ کی طاقت سے چلتی تھی۔

5۔رائٹ برادرز نے ہوائی جہاز کی پرواز 1905ء میں پہلی بار کی تھی۔

6۔انسان کو کئی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑا جیسے پرندوں کی طرح اڑنے کے اصول سمجھنا مناسب انجن اور ہلکی لیکن مضبوط دھات تلاش کرنا وغیرہ۔

7۔آدمی پہلے ایک مقام سے دوسرے مقام سے پیدل ہی آتا جاتا تھا۔

8۔پہلے پہل انسان ،ہاتھی، بیل، گھوڑے،اونٹ،اور خچر جیسے جانوروں سے بوجھ اُٹھانے کا کام لیتا تھا۔

9۔انسان کی پہلی کوشش یا پہلی ایجاد بھاپ سے چلنے والا انجن تھی۔

10۔فلٹن سائنسدان نے بھاپ کے انجن سے پانی میں کشتی چلا کر دکھادی۔

11۔انجن سے گاڑی کھینچنے کا کام جارج اسٹیفن نے پورا کیا۔

12۔دوامریکی بھائیوں نے ہوائی جہاز اڑا کر کارنامہ انجام دیا۔

13۔ دوامریکی بھائیوں کے نام وِلبر رائٹ اور آروِلر ائٹ تھے۔

-III

c-1 d-2 b-3 a-4

-IV

1۔ اگر پہیہ ایجاد نہ ہوتا تو ہماری زندگی بہت مشکل ہوتی۔ سفر بہت سست اور دشوار ہوتا۔ سامان اٹھانا اور دور تک لے جانا مشکل ہو جاتا۔ صنعتیں اور کارخانے ترقی نہ کرپاتے، اور آج کی جدید سہولتیں ہمارے پاس نہ ہوتیں۔ پہیے نے انسان کی زندگی کو آسان اور تیز بنادیا ہے۔

2۔ ہوائی جہاز نے دنیا کو چھوٹا اس طرح کر دیا کہ اس کی وجہ سے طویل فاصلے بہت کم وقت میں طے ہو جاتے ہیں۔ پہلے جو سفر مہینوں میں ہوتا تھا وہ گھنٹوں یا دنوں میں مکمل ہوتا ہے اس لئے دنیا ایک دوسرے کے قریب محسوس ہونے لگی ہے۔

3۔ انسان کو سفر کے ذرائع کی ضرورت اس لئے پیش آتی ہے تاکہ وہ دور دراز جگہوں تک آسانی اور تیزی سے پہنچ سکے اور اپنا سامان لے جاسکے۔ یہ ذرائع وقت اور محنت کی بچت کرتے ہیں۔

V۔ ایجاد، رائٹ برادرز، 1903ء، تیز، ہوائی جہاز

VI

1-(X)

2-(√)

3-(√)

4-(√)

5-(√)

-VII

1۔ ریل گاڑی پٹری پر چلتی ہے۔ اس میں کئی ڈبے ہوتے ہیں۔ ریل گاڑی میں لوگ سفر کرتے ہیں۔ یہ کئی مسافروں اور مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکتی ہے۔ اور یہ شہروں، قصبوں اور دیہات کو آپس میں جوڑتی ہے۔